36472 - حج کرنافرض ہے چاہے بدعتی لوگوں کی معیت میں ہی کیوں نہ ہو

سوال

ہمارا تعلق اہل سنت سے ہے اورہم ایک شیعہ ملک کے رہائشی ہیں اورفریضہ حج کی ادائیگي کرنا چاہتے ہیں ، لیکن اپنے ملک کے باشندوں کے ساتھ سفرنہیں کرسکتے کیونکہ راستے میں بہت ساری مشکلات پیدا ہونگی کیونکہ وہ شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

اگر آپ میں حج کرنے کی استطاعت ہے توآپ پرفریضہ حج کی ادائیگي فرض ہے چاہے شیعہ لوگوں کے ساتھ ہی آنا پڑے ، لیکن آپ شیعہ کے شبہات اوران کے باطل مذھب سے بچ کررہیں ، اوراگر آپ کے لیے ممکن ہوسکے توانہیں نصیحت بھی کریں اورانہیں اہل سنت مذھب کی دعوت دیں کیونکہ ایسا کرنا واجب ہے ۔

اس لیے کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

آپ اپنےرب کی راہ کی طرف لوگوں کو حکمت اوربہترین نصیحت کے ساتھ بلایئے اوران سے بہتریں طریقہ سے گفتگو کیجئے النحل (125) ۔

اس کے علاوہ بھی کئي ایک آیات ایسی ہیں جودعوت الی اللہ کے وجوب پردلالت کرتی ہیں ، اورلوگوں کو نیکی کا حکم دینے اوربرائي سے روکنے کا حکم دیتی ہیں ، اللہ سبحانہ وتعالی سب کے حالات درست فرمائے .